AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS IX

ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2025

Islamiyat Paper II

Time: 1 hour 5 minutes Marks: 20

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

خصوصی ہدایت

2۔ اس پرچے میں کُل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 4 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 5 نمبر)

(الف) کوئی دو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے کہ تلاوتِ قرآنِ مجید کس طرح روحانی معاملات میں راہ نمائی کرتی ہے؟ (2 نمبر)

(ب) ترجمہ: ''نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق و مغرب کو قبلہ سمجھ کر ان کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور روز آخر پر اور فرشتوں پر اور اللہ کی کتاب اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنیں چھڑانے میں خرچ کریں اور نماز پڑھیں اور زکوۃ دیں۔۔۔'' (البقرۃ: 177)

دی گئی آیت (ترجمہ) کی روشنی میں درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

i۔ آیت (ترجمہ) کا مرکزی خیال کیا ہے؟ (1 نمبر)

ii۔ آیت کا اطلاق عملی زندگی میں کس طرح کر سکتے ہیں؟ کوئی دو عملی اطلاقات بیان کیجیے۔ (2نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

سوال۔2 (کل 4 نمبر)

(الف) نصاب میں موجود حدیث نمبر 7 میں نماز کو دین کا ستون کہا گیا ہے۔ باجماعت نماز کے کوئی دو فوائد تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔ (حدیث: 10)

دی گئی حدیث کے کوئی دو معاشرتی اطلاقات کا جائزہ لیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

سوال۔3 (کل 5 نمبر)

(الف) عدل کے نفاذ کے لیے کوئی **تین** تجاویز دیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا، ترجمہ: ''سلام کو عام کرو۔'' (صحیح بخاری)

دی گئی حدیث کی روشنی میں سلام کو عام کرنے کے نتیجے میں معاشرے پر پڑنے والے کوئی **دو** اثرات بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

سوال-4 (کل 6 نمبر)

(الف) عصر حاضر میں علم حاصل کرنے کے جدید ذرائع موجود ہیں۔ اُن ذرائع کے اثرات (مثبت یا منفی) کا جائزہ **چھے** نِکات میں لیجیے۔

یا

(ب) حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی پیروی کا اطلاق عصر حاضر میں کیسے کیا جاسکتا ہے؟ کوئی **چھے** اطلاقات بیان کیجیے۔

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

اختتام

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only